RAMPUR STATE GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۲۳	مطبوعہ روزِ دوشنبہ تاریخ ۳۰ ذی الحجہ سنہ ۱۳۲۸ھ مطابق ۲ جنوری سنہ ۱۹۱۱ء	نمبر ۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت سردار بہادر کمانڈنگ امپیریل سروس	۱
۲	انتقال آسامی حمید اللہ خاں گرداور قانونگو سے تحصیل بلاسپور	۲
۳	مزید رخصت نائب وصلباقی نویس سند	″
۴	مزید رخصت صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری	″
۵	معائنہ مویشی خانجات تحصیلات و تھانہ جات	″
	نقشہ اخبار	ضمیمہ

نقل آرمی آرڈر پیشگاہ بندگانِ اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۲۰ دسمبر سنہ ۱۹۱۰ء

میجر محمد علی بیگ صاحب سردار بہادر کمانڈنگ امپیریل سروس لانسرز کو بضرورت ذاتی رخصت پندرہ ۱۵ یوم من ابتدا ۲۳ دسمبر سنہ ۱۹۱۰ء لغایت ۶ جنوری سنہ ۱۹۱۱ء عطا ہوئی ۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

واقع ۱۹ر دسمبر سنہ ۱۹۱۰ء

دربارۂ انتظام آسامی حبیب اللہ خان گرداور قانونگوی تحصیل [illegible] شاہ آباد حسب رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست مشعر تبادلہ محمد حسین خان امین نزول حضور تحصیل مشاہرہ دار بارہ روپیہ ماہوار باضافہ چار روپیہ بجائے حبیب اللہ خان و سہ روپیہ اضافہ حفظ الباری خان گرداور قانونگوی حضور تحصیل و یک روپیہ اضافہ مظہر حسین خان گرداور قانونگوے حلقہ ثانی از بجٹ تنخواہ گرداور قانونگوے تبدیل شدہ

بموجودگی تحصیلدار صاحب حضور تحصیل یہ رپورٹ ملاحظہ ہوئی۔ رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست منظور ہے۔ برائے اجراء احکام صدر کو مرسل ہو آج ہی احکام جاری کردیے جائیں تحصیلدار صاحب حضور تحصیل کو لکھا جائے کہ آج ہی ہدایت روانگی کردیجائے اور صاحب مہتمم بندوبست بجائے محمد حسین خان امین نزول حضور تحصیل کوئی دوسرا شخص تجویز کرکے رپورٹ پیش کریں۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۱۹ر دسمبر سنہ ۱۹۱۰ء

رخصت مزید یکہفتہ نائب واصل باقی نویس بوجہ علالت بانتظام موجودہ منظور کی گئی۔

۲۲ر دسمبر سنہ ۱۹۱۰ء

رخصت مزید صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری بسلسلہ انتظام سابقہ بوجہ آشوب چشم آخر ماہ دسمبر سنہ حال تک منظور کی گئی۔

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

واقع ۱۹ر دسمبر سنہ ۱۹۱۰ء

بہنگام دورہ بسلسلہ جانچ کام مردم شماری مویشیخانجات ٹانڈہ و سوار و ملک خانم و بلاسپور و بہنوائی و شاہ آباد و سیفنی و ملک کا معائنہ کیا گیا۔ نوٹ معائنہ بکہای مویشیخانہ جات میں تحریر کردیے گئے ہیں مفصل یادداشت منسلک روبکار ہذا ہے جس سے ہر ایک مویشیخانہ کی حالت واضح ہوتی ہے۔ مویشیخانجات میں جو جو نقائص وقت معائنہ ظاہر ہوئے انکی بابت ذیل میں تحریر کیا جاتا ہے۔

محرر مویشیخانہ سوار کے پاس تیس روپیہ چار آنے نقد تحویل میں موجود تھے باوصف قریب ہونے تحصیل کے محرر نے سیاہہ خزانہ نہیں کرائے حالانکہ قریب بہ تحصیل مویشیخانجات کیواسطے زیادہ سے زیادہ تیسرے روز آمدنی داخل کردیجانے کیواسطے احکام جاری ہوچکے ہیں اور دور تر مقامات کیواسطے دس روپیہ سے زائد حالت میں اندر ہفتہ آمدنی سیاہہ کرانیکا حکم ہے برائے آیندہ محرر کو تعمیل احکام کا زیادہ لحاظ رکھنا چاہیئے دوسرے خلاف قاعدہ رقم تحویل میں رکھی جا کر مویشیخانجات بلاسپور و سیفنی وغیرہ میں رجسٹر روزانہ میں رقم تخمینی مویشیان کے زر نیلام سے بہت کم پائی گئی تخمینی رقم کا اصلی حالت سے کم تحریر کرنا بالکل خلاف قاعدہ ہے۔ اور اسکا فائدہ مشتری نیلام پر موثر ہوتا ہے۔ رقم تخمینی ہر مویشی کی وقت داخلہ کمال احتیاط سے جیسے حلیہ مویشی کا اندراج بخوبی کیا جاتا ہے ایسے ہی اسکی قیمت بھی واجبی تخمینی تحریر ہونا چاہیئے۔ بذریعہ تحصیلداران جملہ محرران مویشیخانجات کو باجرا ہر پروانہ اطلاع دیجائے۔

محرر مویشیخانہ ملک کا کام بہت خراب پایا گیا آیندہ انکو ہوشیاری و دیانتداری سے کام کرنا چاہیئے۔ افسران صیغہ مال و پولیس کے معائنہ درج رجسٹر معائنہ مویشیخانجات کم پائی گئی جو وقتاً فوقتاً ماہواری یا ششماہی سالانہ ہونا چاہیئے اسکی بابت صاحب ریونیو سکرٹری بہادر کی خدمت میں بذریعہ روبکار جداگانہ تصدیعہ دیا گیا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا برائے ہدایت محرران مویشیخانجات تحصیلداران کو اطلاع دیجائے اور ایک نقل روبکار ہذا درج گزٹ ہو۔

مطبوعہ ۲۰ جنوری ۱۹۱۱ء جلد ۴۳

ضمیمہ گزٹ ریاست رامپور نمبر ۔۔

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۲ جنوری لغایت ۸ جنوری ۱۹۱۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۲ ار	۰	۰	۰	۱۲ ار	۰	سوائے حضور تحصیل و سوار کے باقی کسی تحصیل سے
نخود خالص	۱۶ ار	۰	۰	۰	۱۶ ار	۰	نرخنامہ نہیں آیا۔
نخود کسہ آمیز	۱۷ ار	۰	۰	۰	۰۱۷ ار	۰	
کسہ	۰	۰	۰	۰	۱۸ ار	۰	
ماش	۱۱ ار	۰	۰	۰	۰۹ ار	۰	
مونگ	۱۰ ار	۰	۰	۰	۱۲ ار	۰	
مکا	۲۱ ار	۰	۰	۰	۲۰ ار	۰	
جئی	۲۱ ار	۰	۰	۰	۲۰ ار	۰	
گوجئی	۰	۰	۰	۰	۰۱۷ ار	۰	
عدس	۰۱۵ ار	۰	۰	۰	۰	۰	
ارہر	۲۰ ار	۰	۰	۰	۲۲ ار	۰	
برنج	۷ ار	۰	۰	۰	۷ ار	۰	
روغن زرد	[illegible]	۰	۰	۰	[illegible]	۰	
روغن سیاہ	۲ ار	۰	۰	۰	۲ ار	۰	
روغن کنجد	۱۰ ار	۰	۰	۰	۱۰ ار	۰	
نمک سانبھر	۱۳ ار	۰	۰	۰	۱۴ ار	۰	
نمک لاہوری	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
قندسیاہ	۸ ار	۰	۰	۰	۶ ار	۰	
باجرہ	۱۶ ار	۰	۰	۰	۱۶ ار	:	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور